آنے والے چیلنجس کے لیے تیار رہنے مانو کے اسٹاف کو مشورہ

پروفیسر خواجہ محمد شاھد کا خطاب

ملک ایک عبوری دور سے گزر رہا ہے، جس میں بڑے پیمانے پر تعلیمی نظام میں تبدیلیوں کی توقع ہے۔ ایسے موقع پر مانو کے اساتذہ اور طلبہ کو نئے چیلنجس کے لیے تیار رہنا بے حد ضروری ہے۔ اِن خیالات کا اِظہار 15/ اگست 2015 کو مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی میں یوم آزادی پیام دیتے ہوئے پروفیسر خواجہ محمد شاہد، وئس چانسلر انچارج نے کیا۔

انہوں نے کہا کہ اپنی ذمہ داریوں کی ایماندارانہ اور بہتر طور پر انجام دہی ہی مجاہدین آزادی کو صحیح معنوں میں خراج پیش کرنا ہوگا۔

وائس چانسلر نے بتایا کہ دو نئے ہاسٹلس تیار ہو چکے ہیں اور وہ جلد ہی طلبہ کے حوالے کردیئے جائیں گے۔ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ لائبریری میں ایئر کنڈیشنرس لگادیئے گئے ہیں تاکہ طلبہ گرمی کے دوران بھی اطمینان کے ساتھ اپنا مطالعہ جاری رکھ سکیں۔

انہوں نے کہا کہ ہمیں آگے بڑھنے سے قبل اپنے محسنوں کا شکر گزار ہونا چاہئے جنہوں نے اپنی دانشمندی اور دور بینی کے تحت اس یونیورسٹی کو اس مقام پر پہنچانے میں اپنی خدمات دیں۔ اس سلسلہ میں پچھلے تمام وائس چانسلرس نے یونیورسٹی کو مستحکم بنانے میں بہت بڑے کردار ادا کیے ہیں۔ سابق وائس چانسلر پروفیسر محمد میاں کی خدمات ناقابل فراموش ہیں۔ ہمیں ان کے مشن کو آگے بڑھانا اور ان کے مقاصد کی تکمیل ہمارا نصب العین ہونا چاہئے۔

وائس چانسلر نے کہا کہ ابھی ہم نے یونیورسٹی میں داخلوں کے عمل کو مکمل کیا ہے۔ نئے کورسز کے آغاز کے باعث کئی نئے طلبہ مختلف علاقوں سے تعلیم حاصل کرنے یونیورسٹی آئے ہیں۔ انہوں نے لڑکیوں کی تعلیم کی طرف توجہ دلاتے ہوئے کہا کہ نئے ضوابط وضع کیے جارہے ہیں جس میں لڑکیوں کی تعلیم پر زیادہ زور دیا جائے گا۔ یونیورسٹی میں تعلیم حاصل کرنے والی ہر لڑکی کو ہاسٹل اور دیگر سہولیات مہیا کی جارہی ہیں۔ کچھ ہی عرصہ قبل گرلز ہاسٹل میں لڑکیوں کے لیے جمنازیم کا افتتاح عمل میں آیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گذشتہ مرتبہ ہمیں NAAC سے A گریڈ حاصل ہوا تھا اور قوی امید ہے کہ اس بار بھی ہمیں اے گریڈ حاصل ہوگا۔

پروفیسر خواجہ شاہد نے طلباء و طالبات اور اساتذہ و دیگر اسٹاف ممبرس کو یوم آزادی کی مبارکباد دی۔ اس موقع پر پروفیسر ایس ایم رحمت اللہ، رجسٹرار انچارج، اساتذہ، عہدیداروں اور طلبہ کی بڑی تعداد شریک تھی۔ ڈاکٹر کرن سنگھ اتوال، اسسٹنٹ پروفیسر ہندی اور جناب محمد وسیم پٹھان، اسسٹنٹ پروفیسر تعلیم و تربیت کی زیر نگرانی طلبہ نے قومی ترانہ اور حب الوطنی پر مبنی گیت پیش کیے۔ میر ایوب علی خان، میڈیا کوآرڈینیٹر نے کاروائی چلائی۔

یوم آزادی کا پروگرام پروفیسر خواجہ شاہد، پروفیسر ایس ایم رحمت اللہ اور دیگر اساتذہ کرام کے مختلف پھلوں کے پودوں کے لگانے پر اختتام پذیر ہوا۔

MANUU Vice-Chancellor Speaks of Emerging Challenges in Education

Prof. Khwaja M. Shahid, In-Charge Vice Chancellor of Maulana Azad National University, said on Saturday, August 15, 2015 that the nation is passing through a transitory time where structural changes would be made in the education system. "Therefore, I would like you to be prepared for the emerging challenges and work for consolidation of the progress made by the University and add to its value incessantly," he told the faculty, other staff and students while delivering the 69th Independence Day message.

In his comprehensive speech he spoke about the difficulties a new University like MANUU has been facing in developing new courses and introducing them to students in Urdu. He also underscored contribution of all the three previous Vice Chancellors, particularly the last one Prof Mohammad Miyan in the phenomenal expansion of the university during his five-year term that ended in May last.

He asked the students to prove that they are worthy of the challenges being thrown at them by changing times.

The Vice Chancellor revealed that two new hostels have been readied and they will be equipped with necessary facilities soon.

He appreciated the role of girl students in competing in every possible field.

Prof. Khwaja Shahid thanked the faculty and staff for their cooperation in running the university in an exemplary manner.

Following his speech the students of Education Department presented a brief musical programme. The Celebration came to an end with the planting of numerous fruit trees behind the administrative block of the university.